26/04/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **اعجازہ اختر** سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج ایک ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اورآرگنائزیشنوں مینمنتخب ہوئے51 ہزار افراد کو نوکریونکے مراسلے پیش کریں گے۔

اس موقعے پر وہ ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے ۔ یہ15واں روز گار میلہ ملک میں 47مقامات پر منعقد ہوگا۔

اسمبلی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے جمونکشمیر قانون ساز اسمبلی کا ایک خصوصی اجلاس طلب کیا ہے۔اس سلسلے میں اسمبلی کے سیکریٹری کی جانب سے باضابطہ ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ۔

حکمنامے کی رو سے ارکان اسمبلی کو28اپریل،سوموار ،صبح کے ساڑھے دس بجے اسمبلی کمپلیکس جمونمیں حاضر ہونے کیلئے کہا گیا ہے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کل جمونکشمیر کے سبھی اضلاع کے ترقیاتی کمشنروں اور SSPs کے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

اس دوران انہیں ہدایت دی گئی کہ وہ مرکزی وزارت داخلہ کی ہدایت کے مطابق یو ٹی میں مقیم سبھی پاکستانی شہریوں کی مقررہ وقت کے اندرنشاہی کرکے ان کی وطن روانگی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کریں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاکہ پہلگام دہشت گردانہ حملے پر عوامی رد عمل ان لوگوں کیلئے چشم کشا ہے جو ملک میں خوف اور تقسیم کا بیج بونا چاہتے ہیں۔ ان باتونکااظہار وزیر اعلیٰ نے SKICC سرینگرمیں سیاحتی صنعت ، ٹرول اور کاروبار سے منسلک مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کیا ہے۔

انہوں نے تاجر برادری کے اقدام کی سراہنا کرتے ہوئے کہا آپ نے واضح کیا ہے کہ ہم نے نہ کبھی ایسے تشدد کی حمایت کی ہے اور نہ آئندہ کبھی کریں گے ۔

بعد میں وزیر اعلیٰ نے میڈیا کے نمائندوں سے با ت کرتے ہوئے قومی سطح کی ٹیلی ویژن چینلوں پر الزام لگایا کہ وہ سچ کو چھپاتے ہوئے منافرت کو شہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ سرینگر کی تاریخی جامع مسجد میں نماز جمعہ کے موقعے پر پہلگام حملے کے مہلوکین کے احترام میں کی گئی خاموشی کو کوئی کوریج نہیں دی گئی۔

اضلاع

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع افسرونکی ایک میٹنگ میں مال افسرونکی کا گذاری کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر ضلع کے اسسٹنٹ کمشنر ریو نیو نے محکمے کے کچھ اہم امور اور اس کے کام کاج کی نسبت سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی جانکاری دی ۔

اسی دوران ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے مالی سال 2025-26کیلئے ضلع کے کیپکس بجٹ کے تحت محکمہ وار منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر مختلف محکموں کے افسروننے اپنے اپنے شعبے کے کاموں کے منصوبوں اور ترقیاتی ترجیحات کا ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

حج

جموں کشمیر سے حج2025کے سلسلے میں عازمین کرام کی روانگی کا سلسلہ چار مئی سے شروع ہوگا۔ حج پروازیں سرینگرکے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے براہ راست مدینہ منورہ کیلئے اُڑان بھریں گی ۔

جمونکشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگرسے بات کرتے ہوئے کہاکہ عازمین کی روانگی کا سلسلہ 15مئی تک جاری رہے گا۔

پولیس

معاشرے سے منشیات کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے اپنی کوششوں کو جاری رکھتے ہوئے بارہمولہ پولیس نے پٹن میں نصیر احمد نامی ایک منشیات فروش کو گرفتار کر لیا ہے ۔اسمگلر کی تحویل سے چرس کی کچھ مقدار بر آمد کر لی گئی ہے۔

ایس ایس پی بڈگام نکھل بوکر کی نگرانی میں وتربیل خانصاحب اور چاڈورہ میں فوجداری کے نئے قوانین کے بارے میں آگاہی کے پروگرام منعقد کئے گئے۔ ان پروگراموں میں عام لوگوں او ر طالب علموں نے حصہ لیا۔

ہندوارہ

ہندوارہ پولیس نے پاکستان میں مقیم ایک دہشت گرد ہینڈلرحبیب اللہ گنائی ساکنہ پالپورہ قاضی آباد کی 13مرلہ مالیت کی جائیداد ضبط کر لی ہے ۔

اس سلسلے میں پولیس نے ایڈیشنل سیشن کورٹ ہندواڑہ کی طرف سے منظور کر دہ اٹیچمنٹ آڈر حاصل کیا تھا۔

نیوزDG

آکاشوانی نیوز سروس کی ڈائریکٹر پرگیا پلیوال گورنے ممبئی میں انڈیا آڈیو سمٹ اینڈ ایوارڈس2025کی تقریب میں بحیثیت مہمان ذی وقار کے طور پر شرکت کی ۔

اس موقعے پر انہوننے" آڈیو انڈسٹری میں انقلاب اور آکاشوانی بحیثیت ایک عوامی نشریاتی ادارہ "کے موضوع پر خطاب کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9.1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ